https://dailybalochistanobserverquetta.com.pk/

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ABC Certified

کوئٹہ سے شائع ہونیوالا بلوچستان کا کثیر الاشاعت روزنامہ

روزنامہ Daily BALOCHISTAN OBSERVER Quetta کوئٹہ

# بلوچستان آبزرور

چیف ایڈیٹر نثار احمد

جلد 19 | ہفتہ 22 اگست 2026ء | 8 ربیع الاول 1448ھ | قیمت 5 روپے | شمارہ 135

dailybalochistanobserver@gmail.com

# بلوچستان کے زمیندار سولرائزیشن منصوبے کے مثبت نتائج کو قدر کی نگاہ سے دیکھتے ہیں، سرفراز بگٹی

بلوچستان میں امراض قلب کے علاج کے لیے جدید اور معیاری طبی سہولیات کی فراہمی کے سلسلے میں اہم پیش رفت ہوئی ہے، بلوچستان انسٹیٹیوٹ آف کارڈیو ویسکیولر ڈیزیز (BICVD) تکمیل کے مراحل میں ہے

**بلوچستان کے زمیندار سولرائزیشن منصوبے کے مثبت نتائج کو قدر کی نگاہ سے دیکھتے ہیں، کیونکہ اس اقدام سے زرعی شعبے کو بجلی کی فراہمی کے حوالے سے درپیش مشکلات میں کمی آئی ہے، وزیراعلیٰ بلوچستان**

اسلام آباد (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ بلوچستان میں امراض قلب کے علاج کے لیے جدید اور معیاری طبی سہولیات کی فراہمی کے سلسلے میں اہم پیش رفت ہوئی ہے، بلوچستان انسٹیٹیوٹ آف کارڈیو ویسکیولر ڈیزیز (BICVD) تکمیل کے مراحل میں ہے، جبکہ شیخ زید ہسپتال کوئٹہ بھی امراض قلب کے علاج کا ایک مؤثر اور فعال مرکز ہے انہوں نے ان خیالات کا اظہار بلوچستان نیشنل ورکشاپ کے شرکاء اور صوبے کے عمائدین کی وزیراعظم پاکستان محمد شہباز شریف سے ملاقات کے موقع پر شرکاء کے سوالات کے جوابات دیتے ہوئے کیا بلوچستان سے متعلق سوالات کے جواب کے لیے وزیراعظم محمد شہباز شریف نے خصوصی طور پر وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کو مائیک (بقیہ 2 صفحہ 3 پر)

اسلام آباد: وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نیشنل ورکشاپ بلوچستان کے شرکاء کے سوالات کے جواب دے رہے ہیں

## پاکستان کی ترقی کا راستہ معیاری تعلیم اور بہترین اساتذہ کی تیاری سے ہو کر گزرتا ہے، احسن اقبال

**جدید سائنس اور ٹیکنالوجی کی تعلیم کے ساتھ ساتھ نئی نسل کو اپنی قومی شناخت، تہذیب اور ثقافت سے بھی روشناس کرانا ضروری ہے**

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر برائے منصوبہ بندی، ترقی و خصوصی اقدامات احسن اقبال نے کہا ہے کہ تعلیم کسی بھی قوم کی ترقی اور خوشحالی میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت (بقیہ 5 صفحہ 3 پر)

## پاکستان اور ملائیشیا کے درمیان قیدیوں کے تبادلے کے معاہدے پر دستخط

**شہباز شریف کی ملائیشیا کے وزیراعظم داتو سری انور بن ابراہیم سے ٹیلیفونک گفتگو**

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے ملائیشیا کے وزیراعظم داتو سری انور بن ابراہیم سے ٹیلی فون پر گفتگو کی۔ وزیراعظم آفس سے جاری بیان کے مطابق دونوں رہنماؤں کے درمیان ہونے والی گفتگو کے دوران وزیراعظم محمد شہباز شریف نے (بقیہ 6 صفحہ 3 پر)

### اسحاق ڈار سے ملائیشیا کے وزیر داخلہ کی ملاقات

اسلام آباد (این این آئی) نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ اسحاق ڈار سے ملائیشیا کے وزیر داخلہ داتوک سری سیف الدین (بقیہ 7 صفحہ 3 پر)

### حکومت نے پیٹرول اور ڈیزل پر ڈیلرز کے مارجن میں اضافہ کر دیا

اسلام آباد (این این آئی) حکومت نے پیٹرول اور ڈیزل پر ڈیلرز کے مارجن میں اضافہ کر دیا۔ ذرائع کے مطابق ڈیلرز کے (بقیہ 8 صفحہ 3 پر)

# بلوچستان کی تقدیر بلوچستان کے عوام کے ہاتھوں میں ہے، سید عاصم منیر

**نوجوانوں کو بااختیار بنانا اور قومی ترقی میں کردار ادا کرنے کے مواقع فراہم کرنا پائیدار ترقی کیلئے مرکزی حیثیت رکھتا ہے**

**دشمن عناصر بلوچستان کی ترقی روکنے اور ریاست و عوام کے درمیان خلیج پیدا کرنے کی کوشش کر رہے ہیں، فیلڈ مارشل سے بلوچستان کی اہم شخصیات و سیاسی قیادت کی ملاقات**

راولپنڈی (این این آئی) آرمی چیف و چیف آف ڈیفنس فورسز فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نے بلوچستان کی اہم شخصیات اور سیاسی قیادت سے ملاقات کے دوران صوبے میں پائیدار امن، استحکام، سرمایہ کاری اور نوجوانوں کو بااختیار بنانے کی اہمیت پر زور دیتے ہوئے کہا ہے کہ بلوچستان اور پاکستان کا حال اور مستقبل ایک ہے اور ہمیشہ ایک رہے گا۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) کے مطابق آرمی چیف و (بقیہ 1 صفحہ 3 پر)

# مسائل کے حل کا بہترین طریقہ مشاورت اور وسائل کی منصفانہ تقسیم ہے

شہباز شریف

بلوچستان نیشنل ورکشاپ

وزیراعظم کی بلوچستان کے مسائل کے حل کیلئے گرینڈ ڈائیلاگ کی دعوت

**جغرافیے کے لحاظ سے بڑا صوبہ ہونے کے ناطے تعلیم و صحت کی سہولیات اور شاہراؤں کی تعمیر میں مشکلات ہیں، ان مسائل کے حل کیلئے باہمی مشاورت اور وسائل کی منصفانہ تقسیم ضرورت ہے لیکن مسائل کی آڑ میں بندوق اٹھانے کا کوئی جواز نہیں، کوئی محبِ وطن یہ نہیں کر سکتا**

**بلوچستان کو ترقی و خوشحالی کی دوڑ میں شامل کیے بغیر پاکستان ترقی نہیں کر سکتا، تمام جائز شکایات دور کریں گے، وزیراعظم کا بلوچستان نیشنل ورکشاپ سے خطاب**

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم شہباز شریف نے بلوچستان کے مسائل پر گرینڈ ڈائیلاگ کی دعوت دیتے ہوئے کہا ہے کہ ماضی میں جو ہوا سو ہوا، بندوق اٹھانا قابل قبول نہیں، جو اپنا راستہ درست کرنے کیلئے تیار ہیں انہیں خوش آمدید کہنا چاہیئے، بلوچستان کو ترقی و خوشحالی کی دوڑ میں شامل کیے بغیر پاکستان ترقی نہیں کر سکتا، مسائل کے حل کا بہترین طریقہ مشاورت اور وسائل کی منصفانہ تقسیم ہے، تمام جائز شکایات دور کریں گے۔ وہ جمعہ کو بلوچستان نیشنل ورکشاپ سے خطاب کر رہے تھے جس میں وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی، وفاقی وزراء، ارکان اسمبلی، بلوچستان کی مختلف سیاسی جماعتوں کے رہنماؤں اور عمائدین نے شرکت کی۔ وزیراعظم نے ورکشاپ کے شرکا کو حکومت کی جانب سے خوش آمدید کہا۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان پاکستان کا وہ علاقہ ہے جو بلوچ اور پشتون اقوام پر مشتمل ہے جن کی تاریخ دلیری، مہمان نوازی، رواداری اور عظیم (بقیہ 3 صفحہ 3 پر)

اسلام آباد: وزیراعظم شہباز شریف بلوچستان نیشنل ورکشاپ سے خطاب کر رہے ہیں

### اسلام آباد، گرفتار غیر ملکیوں کا مستقبل میں پاکستان داخلہ مکمل بند

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی تحقیقاتی ادارے (ایف آئی اے) نے کال سینٹرز سے گرفتار 671 غیر ملکیوں کو فارن بلیک لسٹ میں ڈالنے اور ان کا مستقبل میں پاکستان میں داخلہ مکمل طور پر بند کرنے کا فیصلہ کر لیا۔ ذرائع کے مطابق گرفتار غیر ملکیوں کو کسی بھی (بقیہ 11 صفحہ 3 پر)

## گورنر بلوچستان کا ہوسٹن میں جناح لائبریری کا دورہ

**جہاں معروف پاکستانی نژاد امریکی بزنس مین تنویر احمد اور ڈاکٹر آصف قریر نے ان کا پرتپاک استقبال کیا**

ہیوسٹن (این این آئی) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے اپنے دورہ ہیوسٹن کے دوران جناح لائبریری کا خصوصی دورہ کیا، جہاں معروف پاکستانی نژاد امریکی بزنس مین تنویر احمد اور ڈاکٹر آصف قریر نے ان کا پرتپاک استقبال کیا۔ اس موقع پر گورنر بلوچستان کو جناح لائبریری کے مختلف حصوں کا دورہ کرایا گیا اور انہیں یہاں موجود کتابوں، علمی ذخیرے اور کمیونٹی (بقیہ 9 صفحہ 3 پر)

## بلوچستان میں پائیدار امن صوبائی حکومت کی اولین ترجیحات میں شامل ہے، سرفراز بگٹی

**حکومت سکیورٹی فورسز اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کے ساتھ مکمل تعاون جاری رکھے گی**

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے صوبے کے مختلف اضلاع میں سکیورٹی فورسز کی جانب سے دہشت گردوں کے خلاف کامیاب انٹیلی جنس بیسڈ کارروائیوں پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے سکیورٹی فورسز اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کو خراج تحسین پیش کیا ہے۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ مستونگ، مچھ، خضدار اور پنجگور میں انٹیلی جنس کی بنیاد پر کی جانے والی 10 کامیاب کارروائیوں کے دوران 37 دہشت گردوں کا خاتمہ ایک بڑی کامیابی ہے۔ (بقیہ 10 صفحہ 3 پر)

# سیکیورٹی آپریشنز خیبر پختونخوا اور بلوچستان میں چند روز کے دوران 49 دہشتگرد ہلاک

**آپریشنز کے دوران بڑی مقدار میں دھماکا خیز مواد، آئی ای ڈی ڈیٹونیٹنگ ریموٹ، اسلحہ، گولہ بارود اور موٹر سائیکلیں برآمد**

**سکیورٹی اداروں کی کارروائیاں ملک سے غیر ملکی سرپرستی اور حمایت یافتہ دہشت گردی کے فتنے کے خاتمے تک جاری رہیں گی، آئی ایس پی آر**

راولپنڈی (این این آئی) فتنہ الخوارج اور فتنہ الہندوستان کے خلاف چند روز کے دوران خیبر پختونخوا اور بلوچستان میں آپریشنز کے دوران 49 دہشت گرد ہلاک ہوگئے۔ آئی ایس پی آر کے مطابق خیبر پختونخوا میں بنوں، شمالی وزیرستان، اورکزئی اور خیبر کے اضلاع میں متعدد انٹیلی جنس بیسڈ آپریشنز کیے گئے جن میں بھارتی حمایت یافتہ فتنہ الخوارج کے 12 خوارج ہلاک ہوگئے۔ آپریشنز کے دوران (بقیہ 4 صفحہ 3 پر)

### غزہ فلوٹیلا پر حملہ، ترکیہ نے نیتن یاہو کے عالمی گرفتاری وارنٹ جاری کر دیے

انقرہ (این این آئی) ترکیہ نے نیتن یاہو کے عالمی گرفتاری وارنٹ جاری کر دیے۔ غزہ فلوٹیلا پر اسرائیلی حملے اور مبینہ وحشیانہ تشدد کے خلاف ترکیہ نے اسرائیلی وزیراعظم (بقیہ 14 صفحہ 3 پر)

## چیئرمین پی ٹی آئی بیرسٹر گوہر کی قومی اسمبلی سے استعفوں کی دھمکی

**بانی پی ٹی آئی کو ہسپتال شفٹ کرنا سپریم کورٹ فیصلے کے تحت لازم تھا، جو ہوا اس کی توقع نہیں تھی، کوئی ہے جو نہیں چاہتا مسائل کا حل نکلے**

اسلام آباد (این این آئی) چیئرمین پی ٹی آئی بیرسٹر گوہر نے قومی اسمبلی سے استعفوں کی دھمکی دے دی۔ قومی اسمبلی میں اظہار خیال کرتے ہوئے بیرسٹر گوہر علی خان نے کہا کہ شائد کچھ دن بعد ہم اس اسمبلی کا حصہ نہ رہیں، آپ کو اپنے سٹائل کی جمہوریت مبارک، آپ نہیں چاہتے ہم اس سسٹم کا حصہ رہیں، لہٰذا ہم کچھ دنوں میں فیصلہ کریں گے۔ قومی اسمبلی میں (بقیہ 13 صفحہ 3 پر)

### سوڈان میں ہیٹ اسٹروک سے 16 افراد ہلاک، 160 بری طرح متاثر ہوئے، حکام

خرطوم (این این آئی) سوڈان کے مشرقی صوبہ بحیرہ احمر میں ہیٹ اسٹروک سے 16 افراد ہلاک ہوگئے۔ خرطوم سے سوڈانی حکام اور مقامی محکمہ صحت کے مطابق صوبہ بحیرہ (بقیہ 16 صفحہ 3 پر)

### میڈیا اور عوام کے رش کے باعث بانی پی ٹی آئی کو پمز ہسپتال منتقل کیا گیا، طارق فضل چودھری

**اگر احتجاج کرنا ہے تو پشاور میں کر لیں، پارٹی کو سسٹم کا حصہ رہنا چاہیے، وفاقی وزیر**

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر برائے پارلیمانی امور طارق فضل چودھری نے کہا ہے کہ بانی پی ٹی آئی صحت مند ہیں، پمز میں ڈاکٹروں نے چیک اپ کیا۔ نجی ٹی وی کے پروگرام میں گفتگو کرتے ہوئے طارق فضل چودھری نے کہا کہ حکومت نے عدالت (بقیہ 15 صفحہ 3 پر)

# پاکستان دہشتگردی کیخلاف جنگ میں مسلسل بے مثال قربانیاں پیش کر رہا ہے

**دہشت گردی کے خلاف جاری جنگ میں 90 ہزار سے زائد پاکستانی اپنی جانوں سے ہاتھ دھو بیٹھے ہیں جبکہ ملک کو 150 ارب ڈالر سے زائد کے معاشی نقصانات کا سامنا کرنا پڑا ہے**

**پاکستان دہشت گردی کی ہر شکل اور ہر مظہر کے خلاف جنگ لڑنے کے اپنے عزم میں غیر متزلزل اور اپنی وابستگی میں ثابت قدم ہے، دہشت گردی کے متاثرین کو خراج عقیدت پیش کرنے کے عالمی دن کے موقع پر بیان**

اسلام آباد (این این آئی) ترجمان دفتر خارجہ نے کہا ہے کہ پاکستان دہشت گردی کے خلاف جنگ میں اپنے خون اور وسائل کی مسلسل بے مثال قربانیاں پیش کر رہا ہے، پاکستان دہشت گردی کی ہر شکل اور ہر مظہر کے خلاف جنگ لڑنے کے اپنے عزم میں غیر متزلزل اور اپنی وابستگی میں ثابت قدم ہے۔ جمعہ کو دہشت گردی کے متاثرین کی یاد اور انہیں خراج عقیدت پیش کرنے کے عالمی دن کے موقع پر ترجمان دفتر خارجہ کی (بقیہ 33 صفحہ 3 پر)

### شامی وزیر خارجہ اسعد حسن الشیبانی نے شام ایران کشیدگی میں پاکستانی مفاہمت پر مشروط آمادگی ظاہر کر دی

اسلام آباد (این این آئی) شام کے وزیر خارجہ اسعد حسن الشیبانی نے شام ایران کشیدگی میں پاکستانی مفاہمت پر مشروط آمادگی ظاہر کرتے ہوئے کہا ہے کہ فی الحال شام اور (بقیہ 25 صفحہ 3 پر)

## گوگل کی پاکستانی طلبہ کیلئے اے آئی، جدید تعلیمی ٹیکنالوجی تک رسائی کیلئے اہم پیشکش

**تمام اہل طلبہ کو گوگل اے آئی پلس کی ایک سالہ سبسکرپشن مفت فراہم کی جائے گی**

لاہور (این این آئی) گوگل نے پاکستانی طلبہ کے لیے مصنوعی ذہانت (بقیہ 34 صفحہ 3 پر)

اسلام آباد، صوبائی وزیر کموڈیٹی مینجمنٹ ڈیپارٹمنٹ و چیئرمین بلوچستان فوڈ اتھارٹی حاجی نور محمد دمڑ اسلام آباد میں ڈائریکٹر پاسپورٹ فیاض حسین سے ملاقات کر رہے ہیں

## وفاقی وزیر قیصر احمد شیخ سے سعودی انویسٹمنٹ فورم کے وفد کی ملاقات

**سعودی کاروباری برادری کا پاکستان میں سرمایہ کاری میں بھرپور دلچسپی کا اظہار**

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر برائے بورڈ آف انویسٹمنٹ قیصر احمد شیخ سے سعودی انویسٹمنٹ فورم کے وفد نے ملاقات کی۔ وفد کی قیادت کنور قطب الدین نے کی (بقیہ 12 صفحہ 3 پر)

# دہشت گرد عناصر کی کارروائیاں بلوچستان کے عوام کے عزم کو کمزور نہیں کر سکتیں، شاہد بندیال

**دہشت گردی کے خلاف جاری کارروائیوں میں سکیورٹی فورسز اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کی قربانیاں پوری قوم کے لیے باعث فخر ہیں**

**دہشت گرد عناصر کو عوام کے امن، ترقی اور خوشحالی کو سبوتاژ کرنے کی اجازت نہیں دی جائے گی، معاون وزیراعلیٰ بلوچستان برائے اطلاعات و سیاسی امور**

کوئٹہ (خ ن) معاون وزیراعلیٰ بلوچستان برائے اطلاعات و سیاسی امور شاہد رند نے بلوچستان کے مختلف اضلاع میں سکیورٹی فورسز اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کی جانب سے دہشت گردوں کے خلاف کامیاب انٹیلی جنس بیسڈ کارروائیوں پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ دہشت گردی کے خلاف جنگ میں سکیورٹی فورسز کی پیشہ ورانہ صلاحیت، جرات اور مؤثر حکمت عملی قابل تحسین ہے۔ (بقیہ 17 صفحہ 3 پر)

اسلام آباد، چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی سے سینیٹ قائمہ کمیٹی برائے انسانی حقوق کی چیئرمین پرسن سینیٹر ثمینہ ممتاز زہری اور سینئر صوبائی نائب صدر پاکستان پیپلز پارٹی بلوچستان میر علی حسن زہری ملاقات کر رہے ہیں

## عمران خان کو رات کے اندھیرے میں کسی اور ہسپتال لے جایا گیا، محمود اچکزئی

اس کی بہن اور اس کے جو رکھوالے تھے، ڈاکٹر صاحب تھے، ان کو الشفاء ہسپتال کے کمرے میں بند کر دیا گیا، اپوزیشن لیڈر

کوئٹہ / اسلام آباد (این این آئی) قومی اسمبلی میں اپوزیشن لیڈر و تحریک تحفظ آئین پاکستان کے سربراہ اور پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے چیئرمین محمود خان اچکزئی نے قومی اسمبلی (بقیہ 24 صفحہ 3 پر)

## پاکستان اور جمہوریہ کانگو کے درمیان دفاعی و سکیورٹی تعاون بڑھانے کیلئے ایم او یو پر دستخط

**جمہوریہ کانگو کی مسلح افواج کے چیف آف ڈیفنس کی اعلیٰ سطح دفاعی وفد کے ہمراہ جی ایچ کیو آمد، ہم عصر عاصم منیر سے ملاقات**

راولپنڈی (این این آئی) جمہوریہ کانگو کی مسلح افواج کے چیف آف ڈیفنس لیفٹیننٹ جنرل بانزا مویلمبو جولز کی سربراہی میں اعلیٰ سطح دفاعی وفد نے جی ایچ کیو راولپنڈی میں فیلڈ مارشل عاصم منیر سے ملاقات کی جس میں باہمی دلچسپی کے امور، علاقائی سیکیورٹی صورتحال اور دفاعی و سکیورٹی تعاون بڑھانے پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ آئی ایس پی آر کے مطابق جی ایچ کیو آمد پر کانگو کے (بقیہ 18 صفحہ 3 پر)

### سپریم کورٹ کے احکامات پر عملدرآمد نہ ہونے پر آئینی و قانونی راستہ اختیار کیا جائے گا، مشترکہ اپوزیشن پارٹی کا فیصلہ

**وسیع تر اپوزیشن اتحاد سے پارلیمان اور عوام میں اپوزیشن کی آواز مزید مضبوط اور توانا ہوگی**

کوئٹہ / اسلام آباد (این این آئی) اپوزیشن کی مشترکہ پارلیمانی پارٹی کا اجلاس پارلیمنٹ ہاؤس میں قائد حزب اختلاف قومی اسمبلی محمود خان اچکزئی کی زیر صدارت منعقد ہوا۔ اجلاس میں قائد حزب اختلاف سینیٹ علامہ راجا ناصر عباس، چیئرمین پاکستان تحریکِ انصاف بیرسٹر گوہر علی خان، پارلیمانی لیڈر شاہد خٹک، سابق اسپیکر قومی اسمبلی اسد قیصر، وزیراعلیٰ (بقیہ 19 صفحہ 3 پر)

### مقبوضہ بیت المقدس میں نئی یہودی آباد کاری، او آئی سی کی شدید مذمت

مقبوضہ بیت المقدس (این این آئی) اسلامی تعاون تنظیم کے سیکریٹری (بقیہ 20 صفحہ 3 پر)

# پاکستان کے طول و عرض میں آگ لگی ہوئی ہے، محمود اچکزئی

**فوجیوں، ججز اور ہم سیاستدانوں، سب کو یہ ماننا ہوگا کہ ہم گزشتہ 75 سالوں میں ایک متحد پاکستانی قوم بنانے میں بری طرح ناکام رہے ہیں**

**پارلیمنٹ ہی طاقت کا اصل سرچشمہ ہو۔ جو پارٹی جیتے وہ حکومت کرے اور جو ہارے وہ اپوزیشن میں رہ کر اپنا کردار ادا کرے**

کوئٹہ / اسلام آباد (این این آئی) قومی اسمبلی میں اپوزیشن لیڈر و تحریک تحفظ آئین پاکستان کے سربراہ اور پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے چیئرمین محمود خان اچکزئی تحریک تحفظ آئین پاکستان کے رہنماؤں کے ہمراہ پارلیمنٹ ہاؤس کے باہر میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ ملک جس انداز میں چلایا جا رہا ہے، 2024 کے انتخابات جس طرح ہوئے اور جس طرح وردی پوش اہلکاروں نے عوامی مینڈیٹ کو روندا، ملک کے مقبول ترین لیڈر عمران خان اور ان کی پارٹی سے انتخابی نشان چھین کر جو کھیل رچایا گیا اور جو نیا نظام مسلط کیا گیا آپ سب اس کے گواہ ہیں۔ ہم (بقیہ 21 صفحہ 3 پر)

اسلام آباد، صدر آصف علی زرداری سے افریقہ اور ایشیا کو آپریشن پروموشن ایسوسی ایشن چائنہ کی صدر ہاؤیوی ژیاؤ ملاقات کر رہی ہیں

### لبنان کا ناملزد ایرانی سفیر کے ویزے کی تجدید سے انکار

بیروت (این این آئی) لبنان کیلئے نامزد ایرانی سفیر کے ویزے کی میعاد پیر کو ختم ہو رہی ہے، لبنان نے ان کے ویزے کی (بقیہ 22 صفحہ 3 پر)

### کچھی، نامعلوم ڈاکوؤں نے کوچز کے مسافروں سے لاکھوں روپے لوٹ لئے، فائرنگ سے 3 مسافر زخمی

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) کچھی کے علاقے لجی قومی شاہراہ پر ڈاکوؤں نے ناکہ لگا کر مسافر کوچز سمیت دیگر گاڑیوں (بقیہ 23 صفحہ 3 پر)

# بلوچستان سٹونگ کے باغ میں دھماکے سے 6 افراد جاں بحق، 3 زخمی

**دھماکے کی نوعیت کا پتہ لگانے کے لیے بم ڈسپوزل اسکواڈ کا عملہ بھی طلب کر لیا گیا ہے**

**اسپتال انتظامیہ کے مطابق نواب غوث بخش اسپتال میں زیر علاج زخمیوں کی حالت تشویشناک ہے**

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان کے علاقے مستونگ کے باغ میں دھماکے سے 6 افراد جاں بحق اور 3 زخمی ہو گئے۔ ڈی ایس پی رفیق حمزہ کے مطابق دھماکا مستونگ کے علاقے کھڈ کوچہ کے ایک باغ میں ہوا جس میں 6 افراد جاں بحق اور 3 زخمی ہوئے، دھماکے میں جاں بحق اور زخمیوں کو مستونگ اسپتال منتقل کر دیا گیا ہے۔ اسپتال انتظامیہ کے مطابق نواب غوث بخش اسپتال میں زیر علاج زخمیوں کی حالت (بقیہ 26 صفحہ 3 پر)

### ڈیرہ مراد جمالی، اوستہ محمد اور ڈیرہ بگٹی میں فائرنگ کے مختلف واقعات، بچے سمیت چار افراد ہلاک 8 زخمی

**مقامی افراد نے بچے کی لاش پانی سے نکال کر ہسپتال منتقل کر دی جہاں ضروری کاروائی کے بعد لاش ورثاء کے حوالے کر دی گئی**

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) ڈیرہ مراد جمالی اوستہ محمد اور ڈیرہ بگٹی فائرنگ و دیگر واقعات بچے سمیت چار افراد ہلاک جبکہ آٹھ افراد زخمی ہوگئے پولیس کے مطابق ڈیرہ مراد (بقیہ 27 صفحہ 3 پر)

# پاکستان 12 اسلامی ممالک شام پر اسرائیلی جارحیت کیخلاف کھڑے ہوگئے

**شام کی خودمختاری اور علاقائی سالمیت کی مسلسل خلاف بین الاقوامی قانون اور اقوام متحدہ کے چارٹر کو مجروح کرنے کا باعث ہیں**

**پاکستان، ترکیہ فلسطین، قطر، سعودی عرب اور دیگر ممالک کا اقوام متحدہ سے اسرائیلی جارحیت رکوانے کیلئے کردار ادا کرنے کا مطالبہ**

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان سمیت 12 اسلامی ممالک نے شام پر اسرائیلی حملوں کی شدید مذمت کرتے ہوئے اقوام متحدہ سے کردار ادا کرنے کا مطالبہ کر دیا۔ پاکستان، ترکیہ، الجزائر، انڈونیشیا، اردن، لبنان، ملائیشیا، موریطانیہ، فلسطین، قطر، سعودی عرب اور صومالیہ کے وزرائے خارجہ نے ملک شام پر اسرائیلی جارحیت کیخلاف مشترکہ بیان جاری کیا۔ اس بیان کو پاکستانی دفتر خارجہ نے بارہ اسلامی (بقیہ 29 صفحہ 3 پر)

# ملکی و غیر ملکی سرمایہ کاروں کی زیادہ سے زیادہ شرکت ضروری ہے، محمد اورنگزیب

**وفد نے ابتدائی طور پر جن نجی شعبے کے منصوبوں کا جائزہ لیا، ان میں سے متعدد کے معیار اور استعداد سے وہ خاص طور پر متاثر ہوئے ہیں**

**حکومت معاشی استحکام کو برقرار رکھتے ہوئے ساختی اصلاحات اور پائیدار اقتصادی ترقی کے حصول پر توجہ مرکوز کیے ہوئے ہے،**

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر خزانہ و محصولات سینیٹر محمد اورنگزیب سے چین کے معروف سرمایہ کاری فنڈ سلک روڈ فنڈ (ایس آر ایف) کے اعلیٰ سطحی وفد نے ملاقات کی۔ وفد کی قیادت فنڈ کی چیئرپرسن ژو جون نے کی۔ ملاقات میں پاکستان میں سرمایہ کاری کے مواقع اور اقتصادی و سرمایہ کاری تعاون کو مزید وسعت دینے کے امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ وفاقی وزیر خزانہ نے وفد کا خیر مقدم کرتے ہوئے (بقیہ 31 صفحہ 3 پر)

## ایرانی مسلح افواج کا مخالفین کو فیصلہ کن جواب دینے کا اعلان

**ایران اپنی مسلح افواج، عوام اور حکومتی اداروں کے درمیان اتحاد کو مزید مضبوط بنائے گا، میجر جنرل علی عبداللہی**

تہران (این این آئی) ایرانی مسلح افواج کے چیف آف جنرل اسٹاف (بقیہ 28 صفحہ 3 پر)

## پی ٹی آئی رہنماء عمران خان کی صحت سے متعلق خدانخواستہ خطرے کی گھنٹیاں بجا رہے تھے، خواجہ آصف

**جب مالی و سیاسی مفادات لیڈر شپ کے ساتھ وابستہ ہو جائیں تو اسی طرح رنگ بازی کی جاتی ہے، وزیر دفاع**

اسلام آباد (این این آئی) وزیر دفاع خواجہ آصف نے کہا ہے کہ پی ٹی آئی کی پارلیمانی پارٹی قومی اسمبلی میں ماتم کناں تھی، جذبات شدید تھے، عمران خان کی صحت سے متعلق خدانخواستہ خطرے کی گھنٹیاں بجا رہے تھے۔ جاری بیان میں خواجہ آصف نے کہا کہ جب مالی اور سیاسی مفادات لیڈر شپ کے ساتھ وابستہ ہو جائیں تو اسی طرح رنگ بازی کی جاتی ہے۔ وزیر دفاع نے کہا کہ بانی پی ٹی آئی کی صحت کے متعلق پی ٹی آئی والے افواہیں پھیلا کر اندرون ملک (بقیہ 30 صفحہ 3 پر)

بلوچستان سرمایہ کاری بورڈ کے سی ای او قائم لاشاری بلوچستان ماڈل یونائیٹڈ نیشن کی تقریب کے شرکاء سے خطاب کر رہے ہیں

## شام کے وزیر خارجہ کا دورہ اسلام آباد تعلقات میں اہم سفارتی و معاشی موڑ ہے، عبدالقادر

**پاک شام تعلقات سفارت کاری سے معاشی شراکت داری کی جانب بڑھ رہے ہیں، جو ایک مثبت اور خوش آئند پیشرفت ہے**

کوئٹہ (این این آئی) چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے دفاعی پیداوار سینیٹر محمد عبدالقادر نے کہا ہے کہ شام کے وزیر خارجہ اسعد حسن الشیبانی کا دورہ اسلام آباد پاکستان اور شام کے تعلقات میں ایک اہم سفارتی اور معاشی موڑ کی نشاندہی کرتا ہے۔ مشترکہ کاروباری کونسل کے قیام اور دمشق میں پاکستان، شام مشترکہ سرمایہ کاری فورم کے انعقاد پر اتفاق اس بات کا واضح اشارہ ہے کہ دونوں ممالک اپنے تاریخی سیاسی تعلقات کو عملی اقتصادی شراکت داری میں تبدیل کرنا چاہتے (بقیہ 32 صفحہ 3 پر)

روزنامہ Daily BALOCHISTAN Observer Quetta
بلوچستان آبزرور کوئٹہ

پبلشر نثار احمد نے الکریم پرنٹنگ پریس سریاب پھاٹک بلمقابل سیلانی ویلفیئر سریاب روڈ کوئٹہ سے چھپوا کر دفتر روزنامہ بلوچستان آبزرور فلیٹ #2 یونیورسل کمپلیکس سیکنڈ فلور فیز ii جناح روڈ کوئٹہ سے شائع کیا

کوئٹہ فون نمبر 03312634009۔ اسلام آباد بیورو چیف 03335190142

## حکومت ہر شعبے میں ڈیجیٹلائزیشن کیلئے اقدامات خوش آئند ہے

وزیراعظم محمد شہباز شریف نے اپوزیشن کو ایک بار پھر مذاکرات کی پیشکش کرتے ہوئے کہا ہے کہ تالی دونوں ہاتھوں سے بجتی ہے، اب اپوزیشن پر منحصر ہے کہ وہ کتنا جلد تعمیری بات چیت کیلئے تیار ہوتی ہے، پاکستان کی معاشی ترقی اور جمہوریت کو تقویت دینے کیلئے معاملات کو بیٹھ کر طے کرنا ہوگا، ڈیزل کی قیمت میں 32 روپے فی لیٹر کمی خوش آئند، آئندہ دنوں میں صورتحال بہتر ہوگی ۔ وزارت پٹرولیم کی کاوشوں سے ڈیزل کی قیمت میں 32 روپے فی لیٹر کمی کی ہے جو خوش آئند ہے، حکومت عام آدمی کو جہاں سے بھی ممکن ہوگا بچت کر کے ریلیف دے گی۔ خلیج اور آبنائے ہرمز میں جو صورتحال ہے اس کی وجہ سے نہ صرف پٹرولیم کی سپلائی میں مشکلات ہیں بلکہ کئی ممالک کی اپنی ریفائنریز اور گیس کے پلانٹ بند پڑے ہیں، پورا خطہ بڑی مشکل صورتحال سے گزر رہا ہے، پاکستان بھی اس کا شکار ہے کیونکہ ہمارا ملک توانائی کا بڑا خریدار ہے۔ حکومت نے جنگ شروع ہوتے ہی پی ایس ڈی پی پر کٹ لگا کر 128 ارب روپے فراہم کئے تھے تاکہ عوام کو یکدم آسمان سے باتیں کرتی پٹرولیم کی قیمتوں سے بچایا جاسکے، حکومت نے عام آدمی کو بچانے کیلئے فوری اقدامات کئے، صوبوں نے بھی اس میں اپنا کردار ادا کیا۔ آئندہ دنوں میں صورتحال بہتر ہوگی ۔ پاکستان کی کاوشیں رنگ لائیں گی ، ہم کوشش کر رہے ہیں کشیدگی میں کمی آئے، حکومت نے اڑھائی سال میں معیشت کی بہتری کیلئے جو اقدامات کئے ہیں اس کے اثرات آہستہ آہستہ سامنے آرہے ہیں ، امن کی صورتحال کا معمول پر آنا اس کیلئے ضروری ہے۔ حکومت نے کل ریٹیلرز کیلئے ایپ کا آغاز کیا ہے اس سے امید ہے کہ تاجر برادری جن کی مشاورت سے اقدامات کئے گئے ہیں مطمئن ہوگی، ایف بی آر کو واضح ہدایات دی ہیں کہ تاجروں کی مشاورت سے منصوبہ بندی کی جائے اور انہیں اگر کسی نے تنگ کرنے کی کوشش کی تو وہ سزا کیلئے تیار رہے۔ آئی ٹی کی برآمدات میں بتدریج اضافہ ہو رہا ہے، جولائی 2026 میں اس میں 18 فیصد اضافہ ہوا، یہ بہت بڑی کامیابی ہے جس کیلئے میں وفاقی وزیر انفارمیشن ٹیکنالوجی اور ان کی ٹیم کو مبارکباد دیتا ہوں۔ گوگل کا ایک وفد پاکستان آیا ہوا ہے جس سے دو دن پہلے ملاقات ہوئی تھی، گوگل کے پاکستان میں دفتر کا افتتاح ہوگیا ہے، حکومت ہر شعبے میں ڈیجیٹلائزیشن کیلئے اقدامات کر رہی ہے، گورننس کا سارا نظام ڈیجیٹل ہونا چاہئے ۔ حکومت اپوزیشن کے ساتھ بامقصد بات چیت کیلئے تیار ہے، قومی اسمبلی میں بھی میں نے اس کی پیش کش کی تھی اور کابینہ میں بھی اور پھر یہ بات دہرانا چاہتا ہوں کہ ہم تیار ہیں اور اس فورم سے اپوزیشن کو پیش کش کرتا ہوں کہ وہ آئیں اور بیٹھ کر بات کریں، معاملات کو بات چیت سے طے کریں تاکہ پاکستان کی معاشی ترقی اور جمہوریت کو تقویت دے سکیں لیکن تالی دونوں ہاتھوں سے بجتی ہے اب اپوزیشن پر منحصر ہے کہ وہ کتنا جلد تعمیری بات چیت کیلئے تیار ہوتے ہیں

## نئے صوبے اور بلدیاتی نظام

**اظہر سلیم مجوکہ**

پاکستان میں نظام حکومت اور سیاست میں اکثر تجربات ہوتے رہتے ہیں۔ آج کل ملک میں نئے صوبوں کی تشکیل کے ساتھ ساتھ بلدیاتی نظام کے استحکام اور صدارتی نظام کے حوالے سے بھی بحث مباحثے کا سلسلہ جاری ہے۔ دوسری طرف اٹھائیسویں آئینی ترمیم کے حوالے سے بھی چہ مگوئیاں جاری ہیں۔ اگرچہ کسی بھی ملک کی تعمیر و ترقی میں بلدیاتی نظام اور بلدیاتی ادارے موثر کردار ادا کرتے ہیں لیکن بدقسمتی سے ہمارے ملک میں انہیں اکثر نظر انداز کیا جاتا ہے۔ اب ایک سوال یہ بھی پیدا ہوتا ہے کہ کیا پاکستان کو صدارتی نظام کی ضرورت ہے؟

ملک کا موجودہ نظام وفاقی پارلیمانی نظام ہے۔ صدارتی نظام کے کچھ ممکنہ فوائد ہیں: حکومت کا سربراہ براہِ راست عوام سے مینڈیٹ لے سکتا ہے۔ حکومت نسبتاً زیادہ مستحکم ہوسکتی ہے؛ وزیراعظم کو ہر وقت اتحادیوں کی حمایت کا محتاج نہیں ہونا پڑتا۔ صدر اپنی کابینہ ماہرین میں سے منتخب کرسکتا ہے۔ طویل مدتی معاشی اور انتظامی فیصلوں میں تسلسل پیدا ہوسکتا ہے۔ لیکن صدارتی نظام خود بخود پاکستان کے مسائل حل نہیں کرے گا۔ اگر احتساب، عدلیہ کی آزادی، پارلیمانی نگرانی، الیکشن کی شفافیت اور اداروں کا توازن مضبوط نہ ہو تو طاقت ایک ہی مرکز میں بہت زیادہ جمع ہونے کا خطرہ ہے۔ اس لیے میری رائے میں پاکستان کے لیے صرف نظام حکومت بدلنے سے زیادہ اہم اختیارات کو نچلی سطح تک منتقل کرنا ہے۔ 18ویں ترمیم نے صوبائی خودمختاری بڑھائی، لیکن تحقیق میں یہ بھی نشاندہی ہوئی ہے کہ اصل موثر اختیارات اور وسائل کو صوبوں سے مقامی حکومتوں تک منتقل کرنا ضروری ہے۔

2۔ زیادہ صوبے بنانے کا کیا فائدہ ہوگا؟

یہ پاکستان کے لیے زیادہ قابلِ غور اصلاح ہو سکتی ہے۔ مثلاً پنجاب بہت بڑا صوبہ ہے۔ اگر اسے دو یا تین انتظامی صوبوں میں تقسیم کیا جائے تو حکومت عوام کے قریب آ سکتی ہے۔ جنوبی پنجاب جیسے پسماندہ علاقوں پر زیادہ توجہ دی جا سکتی ہے۔ نئے دارالحکومت اور صوبائی ادارے مقامی سطح پر روزگار اور سرمایہ کاری بڑھا سکتے ہیں۔ تعلیم، صحت، پولیس، آبپاشی اور انفراسٹرکچر کے فیصلے مقامی ضروریات کے مطابق ہوسکتے ہیں۔

چھوٹے صوبوں میں سیاسی نمائندگی زیادہ موثر ہوسکتی ہے۔ علاقائی محرومی کے احساس میں کمی آسکتی ہے۔ تحقیقی مطالعات میں بھی پاکستان میں نئے صوبوں کے مطالبے کی بڑی وجوہات میں انتظامی سہولت، بہتر سروس ڈیلیوری، سیاسی نمائندگی اور علاقائی ترقی شامل پائی گئی ہیں۔

صرف صوبے بنا دینا کافی نہیں۔

اگر لاہور سے اختیار ملتان، بہاولپور یا ڈیرہ غازی خان منتقل ہونے کے بجائے نئے صوبائی دارالحکومت میں ہی مرکوز رہے تو عام آدمی کو بہت زیادہ فائدہ نہیں ہوگا۔ ایک عرصہ تک جنوبی پنجاب کے عوام کو نئے صوبے کا لالی پاپ دیا جاتا رہا ہے اس کے لئے الگ سیکرٹریٹ کا قیام بھی عمل میں لایا گیا مگر وہ بھی سفید ہاتھی ثابت ہوا اور بتدریج غیر فعال ہوتا جا رہا ہے اس خطے کے عوام کی قسمت کے فیصلے اب بھی تخت لاہور کرتا ہے

پاکستان کے لیے بہترین ماڈل یہ ہوسکتا ہے: وفاق، چھوٹے اور موثر صوبے، مضبوط بلدیاتی حکومتیں، بااختیار یونین کونسل۔ یعنی اختیارات اسلام آباد مرکز سے صوبوں کو اور پھر صوبوں سے ضلع، تحصیل اور مقامی حکومتوں تک جائیں۔ پاکستان میں decentralization پر ہونے والی تحقیق بھی مقامی حکومتوں کو عوام تک موثر سروس پہنچانے کے لیے اہم قرار دیتی ہے۔ برطانیہ اور دیگر بہت سے ترقی یافتہ ممالک میں کاؤنٹی اور یونین کونسلوں کو فعال کیا جاتا ہے جس کی وجہ سے مقامی طور پر ترقی بھی نظر آتی ہے اور عوام کی خوشحالی بھی۔ اس لئے ہمیں ترجیحی بنیادوں پر ان نکات پر غور کرنا چاہیے؛ پہلے مضبوط بلدیاتی نظام پھر مناسب تعداد میں نئے صوبے۔ اختیارات اور وسائل کی واضح تقسیم۔ مضبوط احتساب۔ اس کے بعد صدارتی یا پارلیمانی نظام میں تبدیلی پر غور۔ یعنی پاکستان کو لازماً صدارتی نظام کی ضرورت ہے یہ کہنا بھی قبل از وقت ہے لیکن انتظامی طور پر بڑے صوبوں کو مناسب حد تک تقسیم کرنے اور اختیارات عوام کے قریب لانے کی ضرورت زیادہ واضح ہے اس لئے تمام سیاسی جماعتوں اور سٹیک ہولڈرز کے ساتھ مشاورت کر کے ایسا لائحہ عمل اختیار کیا جائے جس سے کسی صوبے یا ادارے کی حق تلفی نہ ہو اور عوام کو سہولیات اور انصاف ان کی دہلیز پر پہنچایا جا سکے دوسری طرف وفاق بھی صوبوں کے حقوق کا خیال کرتے ہوئے انہیں مناسب خودمختاری اور وافر وسائل کی فراہمی کا فریضہ ادا کرے اور صوبے بھی وفاق کی وحدانیت کو تسلیم کرتے ہوئے قومی وحدت کو مدنظر رکھیں۔ مشاورت کے عمل سے ہم قومی سطح پر اپنے معاملات بہتر طور پر حل کر سکتے ہیں۔

دلوں کی الجھنیں بڑھتی رہیں گی
اگر کچھ مشورے باہم نہ ہوں گے

☆☆☆☆
☆☆☆

## مکہ معاہدہ: پس منظر، پیش منظر

**سیدہ فائزہ شیرازی**

جب تین رہنماؤں نے ایک میز پر بیٹھ کر قلم اٹھایا تو دنیا نے کہا "معاہدہ ہوگیا"۔

اور ہم نے دل میں کہا: "_ شکر ہے، کسی کو ہوش تو آیا"۔ کیونکہ دوستی تو تھی، بس کاغذ نہیں تھا۔

پاکستان اور ترکیہ کا رشتہ نعروں کا محتاج نہیں۔ یہ تاریخ سے بولتا ہے لہٰذا اسے تاریخ کے پسِ منظر میں ہی دیکھتے ہیں۔

1919ء میں تحریکِ خلافت کے دوران برصغیر کے مسلمانوں نے ترکیہ کے لیے چندہ جمع کیا۔ یہ چندہ نہیں تھا، یہ ایمان تھا۔ استنبول کی گلیوں میں آج بھی وہ خطوط محفوظ ہیں جن میں لکھا تھا "ہندوستان کے مسلمان آپ کے ساتھ ہیں"۔

1954ء میں دونوں نے CENTO بنا کر خطے کے امن کا سوچا۔ 1964ء میں RCD کا خواب دیکھا۔ ہمارے بزرگوں نے سوچا تھا کہ ایک دن ہم مل کر تجارت کریں گے، ٹیکنالوجی بنائیں گے۔ اور پھر ہم مصروف ہو گئے۔ ایک دوسرے کو "بھائی" تو کہتے رہے، لیکن تجارت اور تعاون وہ نہیں رہا جو ہونا چاہیے تھا۔ 2024ء میں پاکستان، ترکیہ تجارت 1.3 بلین ڈالر رہی۔ ہمارے خطے کے 3 چھوٹے ممالک کی تجارت سے بھی کم۔ یہ شرمندگی کی بات ہے۔

لیکن قابلِ ستائش بات یہ تھی کہ ترکیہ نے ہر فورم پر کشمیر کے مسئلے پر پاکستان کا موقف دہرایا۔ اقوامِ متحدہ سے لے کر OIC تک۔ صدر ایردوآن نے کہا تھا: "کشمیر کا مسئلہ کشمیریوں کی امنگوں کے مطابق حل ہونا چاہیے"۔

اور خوبصورت بات یہ کہ پاکستان نے بھی ترکیہ کی خودمختاری، دہشتگردی کے خلاف جنگ اور قبرص کے معاملے پر ترکیہ کا ساتھ دیا۔ اب وقت ہے کہ اس دوستی کو فائلوں سے نکال کر منڈیوں میں لایا جائے۔ ہدف 5 بلین ڈالر ہے ٹیکسٹائل، ڈیفنس، IT اور زراعت۔ ان 4 شعبوں میں کام ہوا تو ہدف مشکل نہیں۔ جو کہ اللہ کرے پورا ہو جائے۔

پاکستان اور سعودی عرب کا رشتہ "ایمان کا رشتہ" ہے۔ اس میں کوئی دو رائے نہیں۔ 1949ء میں پاکستان نے سب سے پہلے سعودی عرب کو تسلیم کیا۔ 1974ء میں OIC کا سربراہی اجلاس لاہور میں ہوا۔ شاہ فیصل نے وہاں کہا تھا: "_ مسلمانوں کا درد ایک ہے، دوا بھی ایک ہونی چاہیے۔"

اس سب کے علاوہ مشکل وقت میں جب بھی پاکستان کو ضرورت پڑی، سعودی عرب نے تیل، سرمایہ اور اعتماد سے پاکستان کی مدد کی۔ زلزلہ ہو، سیلاب ہو یا معاشی بحران ہو۔ لیکن شاید بدقسمتی سے ہم نے اس رشتے کو صرف ضرورت تک رکھا۔ جن میں تیل، قرض اور نوکری ہے۔ ثقافت، تعلیم، ٹیکنالوجی اور مشترکہ صنعت کا تبادلہ ابھی ہونا باقی ہے۔ سعودیہ میں موجود پاکستانیوں کی تعداد 2.6 ملین تک ہے۔ یہ ہمارا سب سے بڑا پل ہیں۔ یہ صرف ریمیٹنس نہیں بھیجتے، یہ دو تہذیبوں کو جوڑتے ہیں۔

اب ان پلوں پر یونیورسٹیاں، کارخانے اور مشترکہ کاروبار بھی چلنا چاہیے۔ اگر بروقت اس کے لیئے مناسب فیصلے کر لیئے گئے تو اگلی نسل کا مستقبل محفوظ ہو جائے گا۔

''ویژن 2030'' اور " گرین پاکستان انیشیٹیو " کو جوڑنا پڑے گا۔ تبھی یہ رشتہ "ضرورت" سے نکل کر ''شراکت'' بنے گا۔

مشترکہ معاہدے کے اعلامیے کے مطابق تین بنیادی نکات سامنے آئے ہیں:

1. اقتصادی کوریڈور: گوادر سے استنبول تک رابطہ۔ تجارت کا وقت اور خرچ کم ہو۔ پاکستان کا نوجوان، ترکیہ کی فیکٹری، سعودیہ کی منڈی۔ یہ مثلث بنے گی تو خطے کی غربت کم ہوگی۔ یہی اصل ترقی ہے۔

2. دفاعی و ٹیکنالوجی تعاون: سائبر سکیورٹی، ڈرون اور AI میں مل کر کام۔ جس میں پاکستان کا ہنر، ترکیہ کا تجربہ، سعودیہ کا سرمایہ شامل ہوگا۔ اب ہمیں دفاع کے لیے باہر نہیں دیکھنا پڑے گا۔

3. انسانی تبادلہ: طلبہ، علماء اور تاجروں کے لیے آسانیاں۔ تاکہ اگلی نسل ایک دوسرے کو قریب سے جانے۔ ویزے آسان ہوں، یونیورسٹیوں کے معاہدے ہوں۔

4. اب یہ دیکھ لیتے ہیں کہ دنیا کیا کہہ رہی ہے؟

سب سے اہم بات یہ ہے کہ یہ معاہدہ کسی کے خلاف نہیں ہے بلکہ یہ ہمارے اپنے کل کے لیے ہے۔

اور دنیا نے بھی نوٹ کیا ہے۔ امریکہ کے سابق صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے حال ہی میں ایک بیان میں کہا: "_ مسلم دنیا کا اکٹھا ہونا تجارت اور امن کے لیے اچھا ہے۔ ہم اس کی حمایت کرتے ہیں۔

یہ بیان اس لیے اہم ہے کہ جب دنیا کی سب سے بڑی معیشت کا رہنما بھی کہے کہ "یہ خطے کے استحکام کیلئے ہے" تو مخالفت کرنے والوں کے پاس دلیل نہیں بچتی۔

ترکیہ کے وزیرِ خارجہ نے کہا: "_ یہ صرف 3 ملکوں کا معاہدہ نہیں، یہ 2 ارب مسلمانوں کی امید ہے۔"

اور سعودی عرب کے ایک سینئر تجزیہ نگار نے لکھا: ''مکہ وہ جگہ ہے جہاں سے وحدت کا آغاز ہوا تھا۔ آج پھر وہیں سے آغاز ہوا ہے۔"

اگر تنقیدی نظر سے دیکھیں تو ہمیں یہ قدم بہت پہلے اٹھا لینا چاہیے تھا۔ 60 سال ہم نے "امت" کا نعرہ لگایا، لیکن "مارکیٹ" نہیں بنائی۔ ہم نے "بھائی چارہ" کہا، لیکن "بارڈر" نہیں کھولے۔

خیر اب امید یہ ہے کہ اب جب یہ قدم اٹھا لیا ہے تو اسے نبھائیں گے بھی۔ کاغذ پر دستخط آسان ہے، عمل مشکل ہے۔ اور تاریخ انہی کو یاد رکھتی ہے جو وعدہ نبھاتے ہیں۔

آخر میں ایک بات ضرور شامل کروں گی کیونکہ مکہ معاہدے نے یہ یاد دلایا ہے کہ:

ترجمہ: "_ اور سب مل کر اللہ کی رسّی کو مضبوطی سے تھام لو اور تفرقے میں نہ پڑو"

(سورۃ آل عمران، آیت 103)۔

بس یہ یاد رکھنے کی ضرورت ہے کہ پاکستان۔ ترکیہ۔ سعودی عرب۔

تین نام اور ایک امت تو ہیں لیکن اب عمل کی باری ہے جس کی موجودہ وقت میں ضرورت ہے۔

اس کے لئے قلم اٹھ چکا، اب قوموں کو اٹھنا ہے

## منظر نامہ

## فقہ جنریشن وار

**تحریر: عباس مہد**

دنیا اب ان روایتی میدانوں سے بہت آگے نکل چکی ہے جہاں جنگوں کا فیصلہ ٹینکوں کی گرج، طیاروں کی پرواز اور بارود کی بو سے ہوا کرتا تھا۔ ہم ایک ایسے باریک، پراسرار اور خطرناک عہد میں داخل ہو چکے ہیں جہاں سرحدوں کو عبور کیے بغیر ملکوں کو فتح کر لیا جاتا ہے اور ایک بھی گولی چلائے بغیر پوری قوم کے ضمیر، اخلاقیات اور فکری ساخت کو غلام بنا لیا جاتا ہے۔ اسی جدید، خاموش اور زہر آلود نبرد آزمائی کو کالم نگاری اور دفاعی تجزیہ کاری کی دنیا میں "ففتھ جنریشن وارفیر" کہا جاتا ہے۔ یہ محض ایک فوجی اصطلاح نہیں، بلکہ انسان کی عقل، سوچ اور تصورات پر قابض ہونے کا وہ ہمہ گیر ہتھیار ہے جس نے روایتی دفاعی نظریات کی دھجیاں بکھیر کر رکھ دی ہیں۔ جب دشمن آپ کے جسم کے بجائے آپ کے ذہن پر حملہ آور ہو، اور آپ کو احساس تک نہ ہونے دے کہ آپ اس کی جنگ لڑ رہے ہیں — تو سمجھیے کہ آپ اس خاموش محاذ پر شکست کھا چکے ہیں۔ یہ تجزیہ اسی نادیدہ جنگ کے ہر پردے کو چاک کرنے اور آنے والے کل کی ہولناک تصویر سامنے لانے کی ایک سنجیدہ اور فکری کوشش ہے۔ تاریخ کے دھارے کا اگر سائنسی اور فلسفیانہ نقطہ نظر سے مطالعہ کیا جائے تو انسانی جنگجوئی کا ارتقا ہمیشہ ٹیکنالوجی اور انسانی شعور کے ساتھ بدلا ہے۔ قدیم دور کی پہلی جنریشن میں صف بندی اور پیدل فوج کی روایتی جنگیں تھیں؛ دوسری جنریشن میں بارود اور توپ خانے نے میدان سنبھالا؛ تیسری جنریشن میں ایئر فورس اور ٹینکوں کی تیز رفتار نقل و حرکت نے فیصلہ کن کردار ادا کیا؛ جبکہ چوتھی جنریشن میں غیر ریاستی عناصر، گوریلا جنگ اور دہشت گردی کے ذریعے ریاستوں کو اندر سے کمزور کیا گیا۔ مگر پانچویں جنریشن ان تمام طریقوں سے یکسر مختلف اور کہیں زیادہ مہلک ہے۔ اس جنگ کا بنیادی مرکز کوئی جغرافیائی سرحد نہیں، بلکہ انسان کا اعصابی نظام اور اس کی سماجی بساط ہے۔

بالکل اسی طرح جیسے معافی کے فلسفے اور سیاسی پیشن گوئی کے عالمی ماہرین نے بیسویں صدی میں کہا تھا کہ مستقبل کی جنگیں نظریاتی حدود سے نکل کر ذہن کے جغرافیے میں لڑی جائیں گی، آج ہم دیکھ رہے ہیں کہ گولہ بارود کا استعمال کیے بغیر معلومات، بیانیے، سوشل میڈیا، معاشی دباؤ، نفسیاتی حربوں اور تہذیبی یلغار کے ذریعے قوموں کے اندرونی تضادات کو ابھارا جا رہا ہے۔ دشمن خود سامنے نہیں آتا، بلکہ وہ آپ ہی کے شہریوں کو، آپ ہی کے تعلیمی اداروں، صحافیوں اور میڈیا انفلوئنسرز کو اپنا آلہ کار بنا کر ریاست کے خلاف کھڑا کر دیتا ہے۔ برصغیر اور بالخصوص پاکستان کی جغرافیائی و سیاسی اہمیت کے پیشِ نظر یہ خطہ ففتھ جنریشن وار کا سب سے بڑا اور حساس ترین میدانِ جنگ بن چکا ہے۔ ہماری قوم کو ایٹمی صلاحیت حاصل ہونے کے بعد دشمن یہ اچھی طرح سمجھ چکا ہے کہ روایتی جنگ میں پاکستان کو تسخیر کرنا ممکن نہیں، لہٰذا اس نے اپنا پورا محور اندرونی انتشار پر منتقل کر دیا ہے۔ آج ہمارے ملک میں پھیلائی جانے والی سیاسی قطبیت، قومی اداروں اور عوام کے درمیان اعتماد کا فقدان، صوبائی و لسانی تعصّبات، اور مذہبی تفرقہ بازی یہ کسی حادثے کا نتیجہ نہیں ہیں بلکہ ایک انتہائی منظّم اور مربوط ہائبرڈ سٹریٹجی کا حصہ ہیں۔ ڈس انفارمیشن کی ایسی زہریلی لہریں چلائی جاتی ہیں جن کے نتیجے میں سچ اور جھوٹ کا فرق مٹ جاتا ہے۔ نوجوان نسل کے ذہنوں میں اپنی تاریخ، اپنی فوج اور اپنے قومی وجود کے بارے میں شک کے بیج بو دیے گئے ہیں، تاکہ وہ خود اپنے ہی گھر کی بنیادیں کھودنے لگیں۔ اس خاموش اور سست رفتار تباہی کا سب سے اہم ستون انفارمیشن وارفیر اور الگورتھمک جنگ ہے، جہاں ڈیجیٹل میڈیا کو بطورِ ہتھیار استعمال کیا جاتا ہے۔ مصنوعی ذہانت، ڈیپ فیکس اور بوٹ اکاؤنٹس کے ذریعے ایسی خبریں گھڑی جاتی ہیں جو سیکنڈوں میں لاکھوں لوگوں کے جذبات کو بھڑکا دیتی ہیں۔ دشمن کے لابی گروپس بیرونی ممالک میں بیٹھ کر ایسے جعلی نیٹ ورکس چلاتے ہیں جن کا مقصد صرف پاکستان میں افراتفری پھیلانا اور بین الاقوامی سطح پر اس کا امیج خراب کرنا ہوتا ہے۔ اس کے ساتھ ہی معاشی و مالیاتی دباؤ کا حربہ آزمایا جاتا ہے، جہاں بین الاقوامی مالیاتی اداروں کی کٹھن شرائط، گرے لسٹوں اور معاشی عدمِ استحکام کے ذریعے ملک کو گھٹنوں کے بل لانے کی کوشش کی جاتی ہے تاکہ ریاست اپنی خودمختاری پر سمجھوتہ کرنے پر مجبور ہو جائے۔ تیسرا اور سب سے خطرناک پہلو تہذیبی و نفسیاتی یلغار ہے۔ اس کے تحت ہماری انفرادی اور اجتماعی اخلاقیات پر وار کیا جا رہا ہے۔ ہماری شاندار روایات، خاندانی نظام اور حیا و خودداری کے مفہوم کو قدامت پرستی قرار دے کر تضحیک کا نشانہ بنایا جاتا ہے، جبکہ مغرب کی فکری گمراہی کو آزادیِ اظہار کا نام دے کر نوجوانوں کے ذہنوں میں پیوست کیا جا رہا ہے۔ جب کسی قوم کا نوجوان اپنی تہذیب سے شرمندہ ہونے لگے اور اپنی پہچان کو بوجھ سمجھنے لگے، تو اس قوم کو فتح کرنے کیلئے کسی لشکر کشی کی ضرورت نہیں رہتی وہ قوم خود اپنے ہاتھوں اپنی فکری سولی پر لٹک جاتی ہے۔ ہماری فکر اور سائنسی تجزیاتی مطالعے کی روشنی میں آنے والی دہائی میں ففتھ جنریشن وار کے حوالے سے درج ذیل پیش گوئیاں منظرِ عام پر رونما ہوں گی: نیورو وارفیر اور ذہانت پر سیدھا حملہ: آنے والے وقت میں دشمن سوشل میڈیا پر صرف غلط خبریں نہیں پھیلائے گا، بلکہ ایسی جدید نیوروٹیکنالوجی اور فریکوئنسی لہریں استعمال ہوں گی جو انسان کے دماغ میں بغیر گولی چلائے شدید اضطراب، بے چینی اور مایوسی پیدا کر سکیں گی۔ کوانٹم سائبر بلیک آؤٹ: روایتی ہیکنگ کا دور ختم ہو جائے گا۔ آئندہ چند سالوں میں کوانٹم کمپیوٹنگ کے ذریعے کسی بھی ملک کے مرکزی پاور گرڈز، بینکنگ نیٹ ورک اور دفاعی سائبر ڈھانچے کو سیکنڈوں میں مفلوج کر کے پورے ملک کو مکمل اندھیرے میں دھکیل دیا جائے گا۔ کوانٹم سائبر بلیک آؤٹ: روایتی ہیکنگ کا دور ختم ہو جائے گا۔ آئندہ چند سالوں میں کوانٹم کمپیوٹنگ کے ذریعے کسی بھی ملک کے مرکزی پاور گرڈز، بینکنگ نیٹ ورک اور دفاعی سائبر ڈھانچے کو سیکنڈوں میں مفلوج کر کے پورے ملک کو مکمل اندھیرے میں دھکیل دیا جائے گا۔ مصنوعی قحط اور واٹر ہائبرڈ وار: مستقبل کا سب سے بھیانک ہتھیار پانی اور ماحولیات ہوں گے۔ مصنوعی خشک سالی اور کلائمیٹ انجینئرنگ کے ذریعے زرعی زمینوں کو بنجر بنا کر کسانوں اور عوام میں فاقہ کشی کے ذریعے ریاست کے خلاف بغاوت کو جنم دیا جائے گا۔ ڈیپ فیک اور حقیقت کا خاتمہ: مصنوعی ذہانت اتنی تیز ہو جائے گی کہ حقیقی اور جعلی ویڈیو، آواز یا بیان میں فرق کرنا ناممکن ہو جائے گا۔ ☆☆ (جاری ہے) ☆☆

## بجلی چوری کی لعنت'' معاشرے کا بدنما داغ

پاکستان میں جہاں عوام مختلف مسائل حل نہ ہونے کی شکایات کرتے نظر آتے ہیں، وہیں پاکستان کے سرکاری ادارے بھی عوام سے اسی قسم کی شکایات کرتے ہیں، جیسے عوام کی طرف سے مسئلے کے حل میں عدم تعاون اور مختلف جرائم میں عوام کے خود ملوث ہونے کی بڑی شکایتوں کا سامنے آنا ہے۔ عمومی شکایات اس وقت حل ہوتی ہیں جب دونوں اطراف کے فریقین یہ طے کر لیں کہ مسائل کو حل کرنے کیلئے پوری قوت لگانی ہے اور آخر تک کوشش جاری رکھنی ہے، معاشروں کی بات کی جائے تو وہیں معاشرے سب کو اچھے لگتے ہیں یا آئیڈیل کہلاتے ہیں۔ سوسائٹی کا لفظ آتے ہی انسان کا نام ذہن میں گونجتا ہے اور انسانوں کو زندہ رہنے کے لئے ہوا، پانی اور خوراک جیسی بنیادی ضرورت کی سہولت درکار ہوتی ہے۔ جدید دور میں زندگی گزارنے کے لئے ہوا پانی اور خوراک کے ساتھ بجلی کی بھی ضرورت ہے۔ مگر ہمارے ہاں اس شعبے میں کام کرنے والوں کے لئے بہت سے درپیش چیلنجز ہیں، یہاں کے باشندوں میں کچھ ایسے عناصر ہیں جو معاشرے کا سیاہ دھبہ ہیں اور ان کو راہ راست پر لانے کے لئے معاشرے کو مل جل کر کام کرنا ہوگا۔ اس صورتحال میں پاکستان میں بجلی کی کمپنیاں (ڈسکوز) سٹیک ہولڈرز انجینئر برادی سے مل کر ان مسائل کو کم کرنے کیلئے کوشاں ہیں۔ حال ہی میں "غیر قانونی بجلی کے استعمال کے خاتمے کے لیے قومی حکمتِ عملی" کا قومی سطح کا سیمینار "IEEEP اور LESCO" کے تعاون سے لاہور میں منعقد ہوا۔ سیمینار وزیراعظم پاکستان میاں محمد شہباز شریف کے ویژن اور وفاقی وزیر توانائی سردار اویس احمد خان لغاری کی ہدایات کی روشنی میں منعقد ہوا۔ جس میں ملکی اور غیر ملکی توانائی کے ماہرین نے اپنی خوبصورت اور نہایت قابل عمل تجاویز کو سامعین کے روبرو رکھا۔ جوائنٹ سیکرٹری پاور ڈویژن محمد خالد خان نے کہا کہ بجلی چوری کے خلاف حکومتی سطح پر بھرپور اقدامات کیے جا رہے ہیں۔ وزیرِ اعظم کا ویژن ہے کہ پاکستان کا توانائی نظام شفاف، پائیدار اور عوامی اعتماد پر مبنی ہو، بجلی چوری پاکستان کی معیشت کے لئے ناسور ہے جس کے خاتمے کے لئے



حکومت ٹیکنالوجی، قانون اور عوامی تعاون پر مبنی حکمت عملی پر عمل پیرا ہے۔ چیئرمین بورڈ آف ڈائریکٹرز، لیسکو انجینئر عامر ضیاء جو اس شعبے کی نبض کو سمجھتے ہیں انہوں نے قرار دیا کہ ہمارا مقصد ایک شفاف، مستحکم اور صارف دوست توانائی نظام کو فروغ دینا ہے۔ لیسکو بجلی چوری کے خاتمے، گورننس کی بہتری اور ادارہ جاتی اصلاحات کے لیے تمام ممکنہ اقدامات کر رہا ہے۔ ہم لیسکو کی کارکردگی کو عالمی معیار کے مطابق لانے کے لیے ڈیجیٹلائزیشن، نگرانی اور جواب دہی کے جدید نظام متعارف کروا رہے ہیں۔ بجلی چوری کے خلاف جس طرح ملکی سطح کے مختلف ادارے اگلے محاذ پر صف آراء ہیں، کامیابی کے روشن امکانات ہیں۔ پاور سیکٹر وہ واحد شعبہ ہے، جہاں تجربہ، ذہانت اور جامع حکمت عملی ایک ساتھ ہو جائیں تو مشکلات کا حل ڈھونڈ کر منزل آسان ہو جاتی ہے۔ یہ بات اس لئے کہہ رہا ہوں کہ انجینئر طاہر بشارت چیمہ وہ شخصیت ہیں جن میں اس قسم کی بیسیوں خصوصیات بدرجہ اتم پائی جاتی ہیں۔ بورڈ آف ڈائریکٹرز لیسکو کے قابل رکن اور صدر (IEEEP) انجینئر طاہر بشارت چیمہ جنہوں نے پاکستان اور غیر ملکی توانائی کے ماہرین ایک پلیٹ فارم پر اکھٹے کر کے یہ خوبصورت محفل سجائی۔ انہوں نے یہ بات سمجھانے کی کوشش کی یہ بجلی چوری ''ایک لعنت'' ہے اور معاشرے کا بدنما داغ ہے اور برائی جیسی چیز کو کسی مثبت یا تعمیری چیز سے تشبیہ نہیں دی جاسکتی، برائی وہاں پنپتی ہے جہاں اسے دائیں بائیں سے مدد مل رہی ہو اور ریاست کی اپنی رٹ کمزور ہو۔ ہمارے ہاں عموماً ایک جملہ بولا جاتا ہے کہ بجلی چوری کی شکایات'' کے پی کے ،بلوچستان اور سندھ'' میں بہت زیادہ ہے مگر یہ درست نہیں ہے ہمارے پنجاب کے اندر بھی بجلی چوری ہو رہی ہے۔ پنجاب کا سرحدی علاقہ ضلع قصور جہاں بجلی چوری ہو رہی ہے اور یہ سلسلہ تقریباً چار دھائیوں سے جاری ہے۔ سرحدی علاقوں میں انتظامی گرفت کمزور ہوتی ہے جس سے یہ گھناؤنا کاروبار آسانی سے ہو جاتا ہے اسی وجہ سے کے پی کے، بلوچستان سندھ اور پنجاب کے سرحدی علاقوں میں یہ مکروہ دھندا زیادہ تیزی سے بڑھ جاتا ہے ،انہوں نے انکشاف کیا کہ اب بجلی چوری میں پرائیویٹ الیکٹریشن کا کردار سب سے زیادہ ہے اور انہوں نے بجلی چوری کے نت نئے طریقے ایجاد کر بجلی چوروں کا خوش کر رکھا ہے۔ لوگوں کو یہ بات سمجھانے کی ضرورت ہے کہ بجلی چوری سے اگلی نسلوں کا مستقبل بھی تاریک ہو رہا ہیں کیونکہ جو ریلیف حکومت بجٹ میں نوجوان نسل کی نوکریوں اور کاروبار کے لئے وقف کرنا چاہتی ہے وہ سبسڈی اور گردشی قرضوں کی صورت میں خرچ ہوتا ہے۔ اس سلسلے میں ریاست کی ذمہ داری ہے کہ وہ شہریوں کو صحیح اور غلط کے فرق کی پہچان دینے کیلئے کام کرے اور یہ تبلیغ صرف حکومت کے منتخب نمائندے با آسانی کر سکتے ہیں، وہ اپنے حلقوں میں جا کر

**1** ہفتہ وار ٹیکس فری پلاٹ سکیم کے تحت ہاؤسنگ فاؤنڈیشن کی انتظامی کمیٹی نے ایف-17 میں 240 رہائشی پلاٹ مختص کرنے کی منظوری دے دی۔ اجلاس کی صدارت چیئرمین ڈاکٹر نوید اقبال چوہدری نے کی۔ کمیٹی کو بتایا گیا کہ مختص پلاٹ ریٹائرڈ سرکاری ملازمین اور بیوہ خواتین کو ترجیحی بنیاد پر دیے جائیں گے۔ قرعہ اندازی کا عمل شفاف بنانے کے لیے کمپیوٹرائزڈ نظام استعمال ہوگا۔

**2** ہوا میں آلودگی کے خلاف ماحولیاتی عدالت نے دارالحکومت کے صنعتی علاقوں میں فضائی معیار کی نگرانی کے 12 نئے مراکز قائم کرنے کا حکم دیا ہے۔ عدالت نے کہا کہ ہر مرکز کو 24 گھنٹے کام کرنا اور آلودگی کے اعداد و شمار ہر ماہ شائع کرنا ہوگا۔ ماحولیاتی تحفظ کے ادارے کو ہدایت کی گئی کہ وہ 30 دن کے اندر ان مراکز کے لیے عملہ اور آلات فراہم کرے۔

**3** ضلع کونسل کوٹ سلیم کے اجلاس میں پینے کے صاف پانی کے 18 منصوبوں کی منظوری دے دی گئی۔ اجلاس کی صدارت چیئرمین ڈاکٹر نوید اقبال چوہدری نے کی۔ منصوبوں پر مجموعی طور پر 4 کروڑ 60 لاکھ روپے لاگت آئے گی۔ چیئرمین نے کہا کہ ہر یونین کونسل کو کم از کم ایک منصوبہ ملے گا تاکہ دیہی علاقوں میں پانی کی قلت دور کی جا سکے۔

**4** ضلع کونسل کوٹ سلیم کے اجلاس میں پینے کے صاف پانی کے 18 منصوبوں کی منظوری دے دی گئی۔ اجلاس کی صدارت چیئرمین ڈاکٹر نوید اقبال چوہدری نے کی۔ منصوبوں پر مجموعی طور پر 4 کروڑ 60 لاکھ روپے لاگت آئے گی۔ چیئرمین نے کہا کہ ہر یونین کونسل کو کم از کم ایک منصوبہ ملے گا تاکہ دیہی علاقوں میں پانی کی قلت دور کی جا سکے۔

**5** ریونیو بورڈ نے اعلان کیا ہے کہ 31 مئی تک ادا کی جانے والی املاک ٹیکس پر 5 فیصد رعایت دی جائے گی۔ بورڈ کے چیئرمین ظفر اقبال کھوکھر نے کہا کہ 2025 میں 62 فیصد ٹیکس ڈیڈ لائن کے بعد ادا ہوا تھا۔ رعایت سے بقایا رقم کی وصولی میں تیزی آئے گی۔ ریونیو حکام کے مطابق 12 ہزار نادہندگان کو رعایت کا پیغام ایس ایم ایس کیا جائے گا۔

**6** ضلع کونسل کوٹ سلیم کے اجلاس میں پینے کے صاف پانی کے 18 منصوبوں کی منظوری دے دی گئی۔ اجلاس کی صدارت چیئرمین ڈاکٹر نوید اقبال چوہدری نے کی۔ منصوبوں پر مجموعی طور پر 4 کروڑ 60 لاکھ روپے لاگت آئے گی۔ چیئرمین نے کہا کہ ہر یونین کونسل کو کم از کم ایک منصوبہ ملے گا تاکہ دیہی علاقوں میں پانی کی قلت دور کی جا سکے۔

**7** ضلع انتظامیہ نے قائد آباد جانے والے مسافروں کے لیے ریلوے اسٹیشن سے بس اڈے تک مفت شٹل سروس شروع کر دی ہے۔ یہ سروس صبح 6 بجے سے رات 10 بجے تک ہر 15 منٹ بعد چلے گی۔ ڈپٹی کمشنر عائشہ رحمان نے افتتاح کیا۔ ابتدائی مرحلے میں 4 بسیں چلائی جائیں گی جو 2013 کے روٹ پر سفر کریں گی۔ کرایہ 20 روپے رکھا گیا ہے۔

**8** ٹریفک پولیس نے شہر کے 34 چوراہوں پر سگنل توڑنے والوں کے خلاف کارروائی کا آغاز کر دیا ہے۔ پہلے 9 دن میں 98 چالان کیے گئے جن سے 1.2 کروڑ روپے جرمانہ وصول ہوا۔ سب سے زیادہ 64 چالان ریلوے پھاٹک چوک پر ہوئے۔ ایس ایس پی ٹریفک عمیر صدیق نے کہا کہ یہ مہم بغیر کسی رعایت کے جاری رہے گی۔

**9** ضلع کونسل کوٹ سلیم کے اجلاس میں پینے کے صاف پانی کے 18 منصوبوں کی منظوری دے دی گئی۔ اجلاس کی صدارت چیئرمین ڈاکٹر نوید اقبال چوہدری نے کی۔ منصوبوں پر مجموعی طور پر 4 کروڑ 60 لاکھ روپے لاگت آئے گی۔ چیئرمین نے کہا کہ ہر یونین کونسل کو کم از کم ایک منصوبہ ملے گا تاکہ دیہی علاقوں میں پانی کی قلت دور کی جا سکے۔

